حکومتِ کرناٹک

محکمۂ اسکول ایجوکیشن

ضلعی اِدارہ برائے تعلیم وتربیت، کولار

سبق پر مبنی تشخیص - خزینۂ سوالات

LESSON BASED ASSESSMENT - QUESTION BANK

2025-26

علمِ ریاضی

MATHEMATICS

8

جماعتِ ہشتم

URDU MEDIUM

ریاستی محکمہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت

بن شنکری تھرڈا سٹیج، بنگلورو– 560085

تصور اور رہنمائی

شریمتی رشمی مہیش۔وی I.A.S
پرنسپل سیکرٹری
محکمۂ اسکول ایجوکیشن اینڈلٹریسی بنگلور

ڈاکٹرتری لوک چندرا۔کے۔وی I.A.S کمشنر محکمۂ اسکول ایجوکیشن، بنگلور	**شری گوپال کرشنا۔ایچ۔این** ڈائرکٹر ڈی۔ایس۔ای۔آر۔ٹی، بنگلور

ڈائٹ کوآپریشن

شری چندراپاٹل۔ایس پرنسپل ڈائٹ، کولار	**1. شری ناگاراجو** سینئر لکچرر ڈائٹ، کولار	**2. شری بالاجی** لکچرر ڈائٹ، کولار

کوآرڈینیشن

شریمتی رادھا۔پی
سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر
ڈی۔ایس۔ای۔آر۔ٹی، بنگلور

اصحابِ وسائل

1. شری شانتھاکمار۔ایم۔ایچ معاون معلم، گورنمنٹ ہائی اسکول کُڈیانور، مالور(ٹی)، کولار(ڈی)	**2. شری ارون کمار۔ایم** معاون معلم، کرناٹکاپبلک اسکول سومیاجلاہلی، سری نواسپور(ٹی)، کولار(ڈی)
3. شری شیوراما۔ایم۔ایس معاون معلم، گورنمنٹ ہائی اسکول متکناساندرا، سری نواسپور(ٹی)، کولار(ڈی)	**4. شری راگھویندرا۔آر** معاون معلم، کرناٹکاپبلک اسکول آونی، مُلباگل(ٹی)، کولار(ڈی)
5. شریمتی وانیشری۔ایچ۔ایم معاون معلمہ، گورنمنٹ ہائی اسکول کاڈیناہلی، کولار (ٹی اینڈڈی)	**6. شری شیوکمار۔کے** معاون معلم، گورنمنٹ ہائی اسکول کُروگل، کولار(ٹی اینڈڈی)

جائزہ اور رہنمائی

شریمتی ریکھا۔ڈی۔آر
معاون معلمہ، گورنمنٹ ہائی اسکول، جیانگر 9واں بلاک، کارپوریشن کالونی،
جنوبی بنگلورو-3

ترجمہ نگاری:

<table>
<tr><th colspan="2">رہنمائی</th></tr>
<tr><td colspan="2">اینچ۔ ایس۔ نگنور
پرنسپل
ڈائٹ، بیدر</td></tr>
<tr><th colspan="2">نگران وصلاح کار</th></tr>
<tr><td colspan="2">جناب ڈاکٹر محمد گلسین
وائس پرنسپل
ڈائٹ، بیدر</td></tr>
<tr><th colspan="2">مترجمین کمیٹی</th></tr>
<tr><td colspan="2">جناب محمد اسحاق، معاون معلم
گورنمنٹ اُردو ہائیر پرائمری اسکول، سرسی (اے)
تعلقہ: بیدر، ضلع: بیدر</td></tr>
<tr><td>جناب سیّد عاصم الدین، معاون معلم
گورنمنٹ اُردو ہائی اسکول، کمٹھانہ
تعلقہ: بیدر، ضلع: بیدر</td><td>جناب محمد نجیب الرحمٰن خان، معاون معلم
گورنمنٹ اُردو ہائیر پرائمری اسکول، باؤگی
تعلقہ: بیدر، ضلع: بیدر</td></tr>
<tr><td>جناب محمد عاطف، معاون معلم
گورنمنٹ اُردو ہائیر پرائمری اسکول، چانگلیر
تعلقہ: چٹگوپہ، ضلع: بیدر</td><td>جناب محمد صلاح الدین قریشی، معاون معلم
گورنمنٹ اردو ہائیر پرائمری اسکول، نرنہ
تعلقہ: چٹگوپہ، ضلع: بیدر</td></tr>
<tr><th colspan="2">ڈی۔ ٹی۔ پی</th></tr>
<tr><td colspan="2">جناب محمد نجیب الرحمٰن خان، معاون معلم
گورنمنٹ اُردو ہائیر پرائمری اسکول، باؤگی
تعلقہ: بیدر، ضلع: بیدر</td></tr>
</table>

فہرست

باب-1: ناطق اعداد

آموزشی محاصل:

عددی پیٹرن (نمونوں) کے ذریعے ناطق اعداد کی خصوصیات کو عمومی بنانا۔

اکتسابی نکات:

* طبعی اعداد، مکمل اعداد، صحیح اعداد اور ریاضی کے بنیادی اعمال۔
* ناطق اعداد کی خصوصیات: جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کے لئے بند شی خاصیت، تقلیبیت اور تلازمیت، صفر(0) اور ایک(1) کا کردار اور ناطق اعداد کی جمع پر ضرب کی تقسیمی خاصیت۔
* روز مرہ زندگی کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ناطق اعداد کا استعمال۔

سوالات کی اقسام:

آسان: 31	اوسط: 13	مشکل: 04	جملہ: 48

I. مندرجہ ذیل سوالات / نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادلات دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے اور مکمل جواب اس کے حروف تہجی کے ساتھ لکھئے۔

1) ایک عدد جس کا اظہار $\frac{p}{q}$ کی صورت میں کیا جاسکتا ہے، جہاں p اور q صحیح اعداد ہیں اور $q \neq 0$ ہے۔ [آسان]

(A) طبعی عدد (B) مکمل عدد (C) صحیح عدد (D) ناطق عدد

2) ناطق اعداد کا جمعی تماثلہ ہے۔ [آسان]

(A) 1 (B) 0 (C) -1 (D) $\frac{1}{2}$

3) ناطق اعداد کا ضربی تماثلہ ہے۔ [آسان]

(A) 1 (B) 0 (C) -1 (D) $\frac{1}{2}$

4) اگر $x + 0 = 0 + x = x$، جو کہ ناطق عدد ہے، تو '0' کہلاتا جاتا ہے۔ [آسان]

(A) ناطق اعداد کا جمعی تماثلہ (B) x کا جمعی معکوس (C) x کا ضربی معکوس (D) x کا مقلوب

5) $\frac{3}{5}$ کا جمعی معکوس ہے۔ [آسان]

(A) $\frac{3}{5}$ (B) $\frac{-5}{3}$ (C) $\frac{5}{3}$ (D) $\frac{-3}{5}$

6) $\frac{-7}{19}$ کا جمعی معکوس ہے۔ [آسان]

(A) $\frac{-7}{19}$ (B) $\frac{7}{19}$ (C) $\frac{19}{7}$ (D) $\frac{-19}{7}$

7) $-2\frac{7}{5}$ کا جمعی معکوس ہے۔ [اوسط]

(A) $2\frac{5}{7}$ (B) $\frac{17}{5}$ (C) $\frac{-17}{5}$ (D) $\frac{5}{17}$

8) $\frac{8}{5}$ کا ضربی معکوس ہے۔ [آسان]

(A) $\frac{8}{5}$ (B) $\frac{5}{8}$ (C) $\frac{-8}{5}$ (D) $\frac{-5}{8}$

9) $\frac{-4}{9}$ کا ضربی معکوس ہے۔ [آسان]

(A) $\frac{4}{9}$ (B) $\frac{-9}{4}$ (C) $\frac{9}{4}$ (D) 1

10) $\frac{7}{12}$ کا مقلوب ہے۔ [آسان]

(A) $\frac{7}{12}$ (B) 1 (C) $\frac{12}{7}$ (D) $1\frac{5}{7}$

11) حاصلِ ضرب 1 حاصل کرنے کے لیے، ہمیں $\frac{8}{21}$ کو اس سے ضرب دینا چاہیے۔ [آسان]

(A) $\frac{8}{21}$ (B) $\frac{-8}{21}$ (C) $\frac{21}{8}$ (D) $\frac{-21}{8}$

12) کوئی بھی دو دیے گئے ناطق اعداد کے درمیان موجود ناطق اعداد کی تعداد ہے۔ [آسان]

(A) صفر (B) ایک (C) دو (D) لامحدود

13) $\frac{1}{x}$ اور اس کے مقلوب کا حاصلِ ضرب ہے۔ [آسان]

(A) 0 (B) 1 (C) x (D) $2x$

14) $\frac{2}{5}$ اور $\frac{3}{5}$ کے درمیان موجود ناطق عدد ہے۔ [اوسط]

(A) $\frac{4}{5}$ (B) $\frac{1}{5}$ (C) $\frac{1}{2}$ (D) 1

15) ناطق اعداد اس عمل کے تحت بند شی نہیں ہوتے۔ [آسان]

(A) جمع (B) تفریق (C) ضرب (D) تقسیم

16) ناطق اعداد کی یہ خاصیت تفریق کے عمل کے تحت مطمئن ہوتی ہے۔ [آسان]

(A) تقلیبیت (B) تلازمیت (C) تقسیمی خاصیت (D) انمیں سے کوئی نہیں

17) مکمل اعداد ان اعمال کے تحت بند شی نہیں ہوتے۔ [آسان]

(A) جمع اور ضرب (B) ضرب اور تفریق (C) تفریق اور جمع (D) تفریق اور تقسیم

18) صحیح اعداد اس عمل کے تحت بند شی نہیں ہوتے۔ [آسان]

(A) جمع (B) ضرب (C) تقسیم (D) تفریق

19) ناطق اعداد اس عمل کے تحت بند شی نہیں ہوتے۔ [آسان]

(A) جمع (B) تفریق (C) تقسیم (D) ضرب

20) دو ناطق اعداد کا حاصل جمع ہوتا ہے۔ [اوسط]

(A) مکمل عدد (B) صحیح عدد (C) ناطق عدد (D) طبعی عدد

21) $\frac{2}{3}+\frac{4}{5}=\frac{4}{5}+\frac{2}{3}$ یہاں استعمال ہونے والی ناطق اعداد کی خاصیت ہے۔ [آسان]

(A) بند شی خاصیت (B) تقلیبیت (C) تلازمیت (D) خاصیتِ تماثلہ

22) $\left(\frac{1}{2}\times\frac{3}{2}\right)\times\frac{-5}{3}=\frac{1}{2}\times\left(\frac{3}{2}\times\frac{-5}{3}\right)$ یہاں استعمال ہونے والی ناطق اعداد کی خاصیت ہے۔ [آسان]

(A) خاصیتِ تماثلہ (B) تقلیبیت (C) تلازمیت (D) بند شی خاصیت

23) $\left(\frac{4}{3}\times\frac{3}{2}\right)\times\frac{-5}{2}=\frac{-5}{2}\times\left(\frac{4}{3}\times\frac{3}{2}\right)$ یہاں استعمال ہونے والی ناطق اعداد کی خاصیت ہے۔ [آسان]

(A) تقلیبیت (B) تلازمیت (C) بند شی خاصیت (D) خاصیتِ تماثلہ

II. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (1 نمبر کے سوالات)

24) ناطق اعداد کے لیے جمعی تماثلہ لکھئے؟ [آسان]

25) ناطق اعداد کے لیے ضربی تماثلہ لکھئے؟ [آسان]

26) (-13) مکمل عدد نہیں ہے۔ وجہ بتائیے؟ [اوسط]

27) ناطق اعداد کی تعریف بیان کیجئے؟ [آسان]

28) 2- اور 4 اعداد کو $\frac{p}{q}$ کی شکل میں لکھئے؟ [آسان]

29) (-3)-5 اور 5-3- کی قدر معلوم کیجیے؟ [آسان]

30) 'ایک عدد کا منفی عدد'، کسے کہتے ہیں؟ [آسان]

31) $\frac{4}{5} \times \frac{-2}{3}$ کا حاصلِ ضرب معلوم کیجیے؟ [آسان]

32) $2\frac{5}{4}$ کا جمعی معکوس لکھیے؟ [آسان]

33) $-4\frac{3}{8}$ کا ضربی معکوس لکھیے؟ [آسان]

34) دو ناطق اعداد کا حاصلِ ضرب (8-) ہے۔ اگر ایک عدد (10-) ہو تو دوسرا عدد معلوم کیجیے؟ [اوسط]

III. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجیے: (2 نمبرات کے سوالات)

35) دیے گئے مسئلہ میں بائیں جانب اور دائیں جانب کو حل کیجیے اور ناطق اعداد کی جمع کے تحت تقلیبیت کی جانچ کیجیے؟ [اوسط]

$$2\frac{1}{4} + \frac{3}{2} = \frac{3}{2} + 2\frac{1}{4}$$

36) دیے گئے مسئلہ میں بائیں جانب اور دائیں جانب کو حل کیجیے اور ناطق اعداد کی ضرب کے تحت تقلیبیت کی جانچ کیجیے؟ [اوسط]

$$1\frac{3}{4} \times 3\frac{2}{5} = 3\frac{2}{5} \times 1\frac{3}{4}$$

37) دیے گئے مسئلہ میں بائیں جانب اور دائیں جانب کو حل کیجیے اور ناطق اعداد کی ضرب کے تحت تلازمیت کی جانچ کیجیے؟ [اوسط]

$$\frac{2}{3} \times \left[\frac{-3}{5} \times \frac{5}{8}\right] = \left[\frac{2}{3} \times \frac{-3}{5}\right] \times \frac{5}{8}$$

38) دیے گئے مسئلہ میں بائیں جانب اور دائیں جانب کو حل کیجیے اور ناطق اعداد کی تقسیمی خاصیت کی جانچ کیجیے؟ [اوسط]

$$\frac{6}{5}\left[\frac{5}{7} + \frac{1}{2}\right] = \frac{6}{5} \times \frac{1}{2} + \frac{6}{5} \times \frac{1}{2}$$

39) اگر a'، 'b' اور 'c' کوئی تین مثبت اعداد ہوں تو درج ذیل خصوصیات لکھیے؟ [آسان]

(i) جمع پر ضرب کی تقسیمی خاصیت (ii) تفریق پر ضرب کی تقسیمی خاصیت

IV. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجیے: (3 نمبرات کے سوالات)

40) قدر معلوم کیجیے؟ $\frac{-4}{5} \times \frac{3}{7} \times \frac{15}{16} \times \left[\frac{-14}{9}\right]$ [اوسط]

41) قدر معلوم کیجیے؟ $\frac{3}{7} + \left[\frac{-6}{11}\right] + \left[\frac{-8}{21}\right] + \left[\frac{5}{22}\right]$ [اوسط]

42) $x = \frac{-1}{2}$، $y = \frac{2}{3}$ اور $z = \frac{3}{4}$ لیتے ہوئے ناطق اعداد کی خاصیت $x \times (y + z) = (x \times y) + (x \times z)$ کی تصدیق کیجیے اور اس خاصیت کا نام لکھیے؟ [مشکل]

43) قدر معلوم کیجئے؟ $\frac{2}{5} \times \frac{-3}{7} - \frac{1}{14} - \frac{3}{7} \times \frac{3}{5}$ [مشکل]

V. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (4 نمبرات کے سوالات)

44) مندرجہ ذیل میں ہر ایک کے لیے استعمال کی ہوئی جمع کے تحت خاصیت کا نام لکھئے؟ [آسان]

(i) $a + b = b + a$ (ii) $a + 0 = 0 + a = a$

(iii) $a(b + c) = ab + ac$ (iv) $a + (b + c) = (a + b) + c$

45) ناطق اعداد کے لیے تقسیمی خاصیت کا استعمال کرتے ہوئے قدر معلوم کیجئے؟ [اوسط]

$$\left\{\frac{7}{5} \times \left(\frac{-3}{12}\right)\right\} + \left\{\frac{7}{5} \times \frac{5}{12}\right\}$$

46) ناطق اعداد $\frac{-3}{4}$، $\frac{2}{3}$ اور $\frac{-5}{6}$ کو لیتے ہوئے ناطق اعداد کے جمع پر ضرب کی تقسیمی خاصیت کی تصدیق کیجئے؟ [اوسط]

47) a، b اور c تین ناطق اعداد ہیں، جبکہ $a = \frac{2}{3}$, $b = \frac{4}{5}$ اور $c = \frac{-5}{6}$ ہو تو تصدیق کیجئے؟ [مشکل]

(i) $a + (b + c) = (a + b) + c$ (جمع کی تلازمیت)

(ii) $a \times (b \times c) = (a \times b) \times c$ (ضرب کی تلازمیت)

48) مختصر کیجئے؟ [مشکل]

(i) $\frac{32}{5} + \frac{23}{11} \times \frac{22}{15}$ (ii) $\frac{3}{7} + \frac{28}{15} \div \frac{14}{5}$

(iii) $\frac{2}{7} \times \left[\frac{7}{16} - \frac{21}{4}\right]$ (iv) $\frac{3}{4} \times \left[\frac{8}{9} - 40\right]$

باب-2: ایک متغیر والی خطی مساوات

آموزشی محاصل:

ایک متغیر والی خطی مساوات کو حل کرتے ہیں

اور متغیرات کی مدد سے روزمرہ زندگی میں درپیش مسائل کو حل کرتے ہیں۔

اکتسابی نکات:

* الجبری مساوات کا تصور، مساوات، متغیررات ، متغیر کی سب سے بڑی قوت، خطی مساوات، ایک متغیر والی خطی مساوات اور اس کے مطلوبہ حل کے چند مراحل۔
* ایک متغیر والی خطی مساوات کو حل کرنا جس کے ایک جانب متغیرات اور دوسرے جانب عدد ہو۔
* مقداروں کو برابر یا موازنہ کرکے مساوات حل کرنا۔
* ایسی مساوات کو حل کرنا جس میں متغیر دونوں طرف موجود ہوں۔
* مساوات کو آسان شکل میں تبدیل کرنا اور حل کرنا۔

سوالات کی اقسام:

آسان: 26	اوسط: 13	مشکل: 03	جملہ: 42

I.مندرجہ ذیل سوالات / نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادلات دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے اور مکمل جواب اس کے حروف تہجی کے ساتھ لکھئے۔

1) دی گئی الجبری اظہارات میں خطی مساوات ہے۔ [آسان]

(A) $y + 1$ (B) $p(p + 2)$ (C) $x^3 + x^2 - 1$ (D) $t^2 - 1$

2) مندرجہ ذیل میں کونسی خطی مساوات نہیں ہے۔ [آسان]

(A) $x - 1 = 0$ (B) $m + 7 = 0$ (C) $4x = \frac{1}{x}$ (D) $2x + 5 = 1$

3) $3m + 4 = 10$ مساوات میں متغیر ہے۔ [آسان]

(A) 3 (B) 4 (C) m (D) 10

4) مندرجہ ذیل میں ایک متغیر والی خطی مساوات ہے۔ [آسان]

(A) $4x + 3y = 12$ (B) $2x + 5y = 0$ (C) $y - 3 = 3(x - 4)$ (D) $3y + 4 = 0$

5) الجبری اظہار $1 + z + z^2 + z^3$ میں متغیر 'z' کی سب سے بڑی قوت ہے۔ [آسان]

(A) 0 (B) 1 (C) 2 (D) 3

6) خطی مساوات میں ظاہر ہونے والی سب سے بڑی قوت ہے۔ [آسان]

(A) 0 (B) 1 (C) 2 (D) 3

7) مندرجہ ذیل علامات میں مساوی کی علامت ہے۔ [آسان]

(A) $\times$ (B) $\div$ (C) $\neq$ (D) $=$

8) مساوات $\frac{4}{5} = 5x - 6$ میں جبری رکن ہے۔ [آسان]

(A) x (B) -6 (C) $\frac{4}{5}$ (D) $5x$

9) دی گئی خطی مساوات $2x - 3 = 7$ میں x کی قدر ہے۔ [آسان]

(A) 10 (B) 5 (C) -2 (D) 2

10) خطی مساوات $\frac{5}{3} - 4p = 1$ میں p کی قدر ہے۔ [اوسط]

(A) $\frac{1}{6}$ (B) 6 (C) $\frac{1}{6}$ (D) -6

11) خطی مساوات $8x = 15 + 3x$ میں x کی قدر ہے۔ [آسان]

(A) -3 (B) 3 (C) 5 (D) -5

12) خطی مساوات $3n - 5 = 6 + 2n$ میں n کی قدر ہے۔ [آسان]

(A) 1 (B) 11 (C) -11 (D) -1

13) خطعی مساوات $2y - 1 = 17 - y$ میں y کی قدر ہے۔ [آسان]

(A) 6 (B) -6 (C) 8 (D) $\frac{16}{3}$

14) ایک شخص کے پاس ₹2 کے کچھ سکے ہیں۔ جن کی کل رقم ₹220 ہے۔ سکوں کی تعداد معلوم کرنے کا اظہار ہو گا۔ [آسان]

(A) $x + 2 = 20$ (B) $2x = 20$ (C) $x + 20 = 2$ (D) $20x = 2$

15) دو متواتر اعداد کا مجموعہ 73 ہے ان اعداد کو معلوم کرنے کا اظہار ہو گا۔ [آسان]

(A) $x + (x + 1) = 73$ (B) $2x = 73$

(C) $x(x+1) = 73$ (D) $x + (x + 2) = 73$

16) ایک مستطیل نما سوئمنگ پول کا محیط 22m ہے۔ اگر اس کی لمبائی 6m ہے تو اس کی چوڑائی کتنی ہو گی۔ [اوسط]

(A) 6m (B) 5m (C) 10m (D) 12m

II. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (1 نمبر کے سوالات)

17) خطی مساوات سے کیا مراد ہے؟ [آسان]

18) مساوات کی تعریف بیان کیجئے؟ [آسان]

19) الجبری مساوات سے کیا مراد ہے؟ [آسان]

20) مساوات $2x - 3 = x + 2$ میں بائیں طرف موجود اظہار لکھئے؟ [آسان]

21) مساوات $3x = 2x + 18$ میں دائیں جانب موجود اظہار لکھئے؟ [آسان]

22) دی گئی مساوات $10x + 7 = 3x - 28$ میں $3x$ کو بائیں طرف منتقل کیجئے اور مساوات لکھئے؟ [آسان]

23) $7x = -35$ مساوات میں x کی قیمت معلوم کیجئے؟ [آسان]

24) $y + y^2$ ایک خطی مساوات نہیں ہے۔ وجہ بیان کیجئے؟ [اوسط]

25) جب LHS اور RHS دونوں طرف کے اظہار مساوی ہوں تو اس اظہار کو کیا کہتے ہیں؟ [آسان]

III. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (2 نمبرات کے سوالات)

26) $5x = 3x + 6$ کو حل کیجئے؟ [آسان]

27) $x + 7 = 8x$ کو حل کیجئے؟ [آسان]

28) $6m - 5 = 4m + 11$ کو حل کیجئے؟ [آسان]

29) $4(2p - 1) = 3p + 6$ کو حل کیجئے؟ [آسان]

30) $\frac{15}{4} - 7x = 9$ کو حل کیجئے؟ [اوسط]

31) $3n - 5n = \frac{8}{3}$ کو حل کیجئے؟ [اوسط]

IV. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (3 نمبرات کے سوالات)

32) $\frac{2}{5}y + \frac{1}{2} = y - 3\frac{1}{2}$ کو حل کیجئے؟ [مشکل]

33) $\frac{2}{3}n - \frac{3}{2} = \frac{4}{3}n + \frac{5}{2}$ کو حل کیجئے؟ [مشکل]

34) $\frac{3t-2}{4} - \frac{2t+3}{3} = \frac{2}{3} - t$ کو حل کیجئے؟ [مشکل]

35) ایک مستطیل نما میدان کا محیط 154m ہے۔ اگر اس کی لمبائی اس کی چوڑائی سے 2m زیادہ ہو تو میدان کی لمبائی اور چوڑائی معلوم کیجیے؟ [اوسط]

36) دو اعداد کا مجموعہ 95 ہے۔ اگر ایک عدد دوسرے سے 15 زیادہ ہو تو دوسرا عدد معلوم کیجیے؟ [اوسط]

37) تین متواتر اعداد کا مجموعہ 51 ہے مساوات بناتے ہوئے وہ اعداد معلوم کیجیے؟ [اوسط]

V. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجیے: (4 نمبرات کے سوالات)

38) مندرجہ ذیل مساوات حل کیجیے؟ [اوسط]

$$\frac{6x+1}{3} + 1 = \frac{x-3}{6} \quad \text{(i)} \qquad m - \frac{m-1}{2} = 1 - \frac{m-2}{3} \quad \text{(ii)}$$

39) مندرجہ ذیل مساوات کو آسان شکل میں تبدیل کرتے ہوئے حل کیجیے؟ [اوسط]

$$15(y-4) - 2(y-9) = 5(y+6) \quad \text{(i)}$$

$$3(5z-7) - 2(9z-11) = 4(8z-13) - 17 \quad \text{(ii)}$$

40) ایک مثلث کے زاویوں کا تناسب 1:2:3 ہے۔ ہر زاویے کی پیائش معلوم کیجیے؟ [اوسط]

41) دھات کا ایک شیٹ مساوی الساقین مثلث کی شکل میں ہے، جس کا محیط 36cm ہے اور اس کا ایک غیر مساوی ضلع 10cm ہے۔ باقی دو مساوی اضلاع کی لمبائی معلوم کیجیے؟ [اوسط]

42) ایک بیٹے کی عمر اس کے والد کی عمر کا ایک تہائی ہے۔ اگر والد کی عمر 48 سال ہو تو بیٹے کی موجودہ عمر معلوم کیجیے۔ اگر اس کی ایک چھوٹی بہن ہے جس کی عمر بیٹے سے 2 سال کم ہے تو اس کی عمر بھی معلوم کیجیے؟ [اوسط]

باب-3: چار ضلعی کی تفہیم

آموزشی محاصل:

چار ضلعی کے زاویوں کے مجموعہ کی خاصیت سے متعلق مسائل حل کرنا۔

اکتسابی نکات:

* کثیر ضلعی: تعریف، کثیر ضلعی کے اقسام، کثیر ضلعی کے خارجی اور داخلی زاویے۔
* محدب اور مقعر کثیر ضلعی۔
* منظم اور غیر منظم کثیر ضلعی۔
* ایک کثیر ضلعی کے خارجی زاویوں کی پیمائش کا حاصلِ جمع۔
* چار ضلعی کی قسمیں: منحرف، پتنگ، متوازی الاضلاع۔
* متوازی الاضلاع کے عناصر، متوازی الاضلاع کے زاویے، متوازی الاضلاع کے وتر۔
* چند مخصوص متوازی الاضلاع: معین، مستطیل

سوالات کی اقسام:


آسان: 22	اوسط: 25	مشکل: 09	جملہ: 56

I. مندرجہ ذیل سوالات / نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادلات دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے اور مکمل جواب اس کے حروف تہجی کے ساتھ لکھئے۔

1) ایک بند سادہ منحنی جو صرف قطعاتِ خط سے بنا ہو اُسے کہتے ہیں۔ [آسان]

(A) کثیر ضلعی (B) مربع (C) مستطیل (D) مثلث

2) مندرجہ ذیل میں کثیر ضلعی ہے۔ [اوسط]


(A) 


(B) 


(C) 

(D) 

3) مندرجہ ذیل میں کثیر ضلعی نہیں ہے۔ [اوسط]


(A) 


(B) 


(C) 


(D) 

4) مندرجہ ذیل میں منظم کثیر ضلعی ہے۔ [آسان]

(A) 

(B) 

(C) 

(D) 

5) ایک کثیر ضلعی کے زیادہ سے زیادہ اضلاع کی تعداد ہو سکتی ہے۔ [اوسط]

(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) لا محدود

6) مثلث ایک ایسا کثیر ضلعی ہے جس کے اضلاع کی تعداد ہے۔ [آسان]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

7) ایک ایسے کثیر ضلعی کا نام جس کے سات اضلاع ہوں۔ [آسان]

(A) چھ ضلعی (B) آٹھ ضلعی (C) سات ضلعی (D) دس ضلعی

8) ایسا متوازی الاضلاع جس کا ہر زاویہ $90°$ ہو، کہلاتا ہے۔ [اوسط]

(A) مربع اور مستطیل (B) مستطیل (C) متوازی الاضلاع (D) مربع

9) کسی بھی کثیر ضلعی کے تمام خارجی زاویوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ [آسان]

(A) 180^0 (B) 360^0 (C) 240^0 (D) 90^0

10) اگر قائمۃ الزاویہ مثلث کا ایک زاویہ 30^0 ہو تو تیسرے زاویے کی پیمائش ہوگی۔ [اوسط]

(A) 90^0 (B) 30^0 (C) 180^0 (D) 60^0

11) متوازی الاضلاع کے متصل زاویوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ [آسان]

(A) 70^0 (B) 110^0 (C) 180^0 (D) 360^0

12) ایک چار ضلعی محدب کثیر ضلعی کے تمام زاویوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ [آسان]

(A) 180^0 (B) 90^0 (C) 240^0 (D) 360^0

13) مندرجہ ذیل چار ضلعی میں، منظم چار ضلعی ہے۔ [آسان]

(A) مستطیل (B) مربع (C) پتنگ (D) معین

14) ایسا کثیر ضلعی جو مساوی الزاویہ اور مساوی الاضلاع ہو۔ [آسان]

(A) منظم کثیر ضلعی (B) مختلف الاضلاع مثلث (C) مستطیل (D) معین

15) مثلث کے تینوں داخلی زاویوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ [آسان]

(A) 360^0 (B) 210^0 (C) 180^0 (D) 240^0

16) ایک منظم چار ضلعی میں ہر اندرونی زاویہ ہوتا ہے۔ [آسان]

(A) 90^0 (B) 180^0 (C) 240^0 (D) 360^0

17) متوازی الاضلاع جس میں تمام وتر مساوی ہوں۔ [آسان]

(A) منحرف (B) مستطیل (C) معین (D) پتنگ

18) اگر کسی چار ضلعی شکل کے داخلی زاویے $40°$، $120°$، $10°$ اور x ہو تو x کی قیمت ہوگی۔ [اوسط]

(A) 40^0 (B) 120^0 (C) 190^0 (D) 180^0

19) کثیر ضلعی کے تمام داخلی زاویوں کے مجموعے کا ضابطہ جس میں 'n' اضلاع کی تعداد ہو۔ [آسان]

(A) $(n-2)\times180°$ (B) $(n-2)\times360°$ (C) $(n-1)\times180°$ (D) $(n-1)\times360°$

20) اگر مربع کے دو وتر قطع کرتے ہوں تو زاویہ تقاطع ہوتا ہے۔ [آسان]

(A) 45^0 (B) 180^0 (C) 90^0 (D) 120^0

21) مثلث میں وتر کی تعداد ہوتی ہے۔ [آسان]

(A) 0 (B) 1 (C) 2 (D) 3

II. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (1 نمبر کے سوالات)

22) کثیر ضلعی سے کیا مراد ہے؟ [آسان]

23) چار ضلعی سے کیا مراد ہے؟ [آسان]

24) منتظم کثیر ضلعی کیا ہے؟ [آسان]

25) ایک منتظم چھ ضلعی کے پانچ زاویے 150°، 95°، 80°، 135° اور 125° ہیں تو چھٹا زاویہ معلوم کیجئے؟ [مشکل]

26) ایک منتظم چھ ضلعی میں موجود وتروں کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟ [اوسط]

27) ایک منتظم کثیر ضلعی میں کتنے اضلاع ہوں گے اگر ایک خارجی زاویہ کی پیمائش 24^0 ہے؟ [اوسط]

28) ایک منتظم کثیر ضلعی میں اضلاع کی تعداد کیا ہوگی اگر اس کے ہر ایک داخلی زاویہ کی پیمائش 165^0 ہو؟ [اوسط]

29) ایک منتظم پانچ ضلعی کے ہر ایک زاویہ کی پیمائش معلوم کیجئے؟ [اوسط]

30) ایک منتظم کثیر ضلعی میں کم سے کم کتنی پیمائش کا داخلی زاویہ ممکن ہے؟ [مشکل]

31) ایک منتظم کثیر ضلعی میں زیادہ سے زیادہ کتنی پیمائش کا بیرونی زاویہ ممکن ہے؟ [مشکل]

32) اگر متوازی الاضلاع کا ایک زاویہ 60° ہے تو اس کے مقابل کا زاویہ اور متصل زاویہ کی پیمائش معلوم کیجئے؟ [اوسط]

III. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (2 نمبرات کے سوالات)

33) محدب اور مقعر کثیر ضلعی میں فرق لکھئے؟ [اوسط]


34) منتظم اور غیر منتظم کثیر ضلعی میں فرق لکھئے؟ [اوسط]

35) پتنگ کی کوئی دو خصوصیات لکھئے؟ [آسان]

36) مستطیل کی کوئی دو خصوصیات لکھئے؟ [آسان]


37) مربع کی کوئی دو خصوصیت لکھئے؟ [آسان]

38) دیے گئے متوازی الاضلاع ABCD میں وتر کے نام لکھئے؟ [آسان]



39) دی گئی شکل کا مشاہدہ کرتے ہوئے مندرجہ زیل کی ایک جوڑی کے نام لکھئے؟

(i) مقابل کے الاضلاع (ii) مقابل کے زاویے (iii) متصل اضلاع (iv) متصل زاویے [اوسط]



40) ایک منتظم کثیر ضلعی کے اضلاع کی تعداد معلوم کیجیے جس کا ہر ایک خارجی زاویہ کی پیمائش $60°$ ہے؟ [اوسط]

41) متوازی الاضلاع کے ایک زاویہ کی پیمائش $70°$ ہو تو باقی تین زاویوں کی پیمائش معلوم کیجئے؟ [اوسط]


42) کسی متوازع الاضلاع کے دو متصل زاویوں کی نسبت $3:2$ ہے، تو متوازی الاضلاع کے ہر زاویہ کی پیمائش معلوم کیجئے؟ [اوسط]

IV. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (3 نمبرات کے سوالات)


43) منتظم کثیر ضلعی سے کیا مراد ہے؟ درج ذیل منتظم کثیر ضلعی کے نام لکھئے؟ [اوسط]

(i) 3 اضلاع (ii) 4 اضلاع (iii) 6 اضلاع


44) متصل شکل میں 'x' کی قدر معلوم کیجئے؟ [اوسط]



45) مندرجہ ذیل شکل میں HOPE ایک متوازی الاضلاع ہے، زاویے x، y اور z کی پیمائش معلوم کیجئے؟ معلوم کرنے کے لیے جو خصوصیات استعمال کئے گئے ہیں انہیں بیان کیجئے؟ [مشکل]



46) متوازی الاضلاع ABCD میں x اور y کی قیمت معلوم کیجئے؟ [مشکل]



47) ایک چار ضلعی ABCD میں A، B، C اور D زاویے $1:2:3:4$ کی نسبت میں ہیں۔ چار ضلعی کے ہر زاویے کی پیمائش معلوم کیجئے؟ [اوسط]

48) ایک چار ضلعی کے چار زاویے $3:4:5:6$ کی نسبت میں ہیں اس کے زاویے معلوم کیجئے؟ [اوسط]

49) ایک منظم کثیر ضلعی کے خارجی اور داخلی زاویے 2:7 کی نسبت میں ہے۔ کثیر ضلعی کے اضلاع کی تعداد معلوم کیجئے؟ [اوسط]

50) ایک منظم کثیر ضلعی کے اضلاع کی تعداد معلوم کیجئے۔ جس کا ہر خارجی زاویہ کی پیمائش $45°$ ہے؟ [اوسط]

51) ایک منظم کثیر ضلعی کے داخلی زاویوں کا مجموعہ معلوم کیجئے جس میں 15 اضلاع ہوں؟ [اوسط]

V. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (4 نمبرات کے سوالات)

52) ثابت کیجئے کہ معین کی وتر ایک دوسرے کے عمودی ناصف ہوتے ہیں؟ [اوسط]


53) ایک متوازی الاضلاع کے دو متصل زاویے $(3x-4)^{o}$ اور $(3x+10)^{o}$ ہیں۔ تو متوازع الاضلاع کے زاویے معلوم کیجئے؟

[مشکل]

54) ایک چار ضلعی کے زاویے 4:6:3 کی نسبت میں ہیں۔ اگر چوتھا زاویہ $100°$ ہو تو بقیہ تین زاویے معلوم کیجیے؟ [مشکل]

55) ایک مستطیل کے وتر کی پیمائش 5cm ہے۔ اگر اس کے ایک ضلع کی پیمائش 3cm ہو تو اس کا محیط معلوم کیجئے؟ [مشکل]

56) دی گئی شکل میں ایک ABCD متوازی الاضلاع ہے تو x، y، z اور p کی قدر معلوم کیجئے؟ [مشکل]



باب-04: اعداد و شمار کا استعمال

آموزشی محاصل:

بار گراف اور پائی چارٹ کو بنانا اور سمجھنا۔

بلا منصوبہ تجربہ کے مفہوم کو سمجھنا اور کسی وقوعہ کا احتمال محسوب کرنا۔

اکتسابی نکات:

* گراف کی مختلف اقسام
  - (i) تصویری گراف
  - (ii) بار گراف
  - (iii) دوہرا بار گراف
  - (iv) دائرہ گراف یا پائی چارٹ
    - پائی چارٹ بنانا

* اِمکان اور احتمال
  - (i) کوئی نتیجہ حاصل کرنا
  - (ii) مساوی امکانی نتیجہ
  - (iii) امکانات کو احتمال سے جوڑنا
  - (iv) وقوعوں کی شکل میں نتائج
  - (v) حقیقی زندگی سے متعلق امکان اور احتمال

سوالات کی اقسام:

آسان: 33	اوسط: 10	مشکل: 06	جملہ: 49

I. مندرجہ ذیل سوالات / نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادلات دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے اور مکمل جواب اس کے حروف تہجی کے ساتھ لکھئے۔

1) بنیادی اعداد و شمار ذیل کے ذریعہ اِکھٹا کی جاتی ہے۔ [اوسط]

(A) کچھ غیر شائع شدہ معلومات (B) محقق ہی خود (C) خبر رساں اِدارہ (D) کچھ دوست

2) پیمانہ (اسکیل) کا ذِکر ذیل میں ضروری ہے۔ [اوسط]

(A) بار گراف (B) تصویری گراف (C) کثیر بار گراف (D) تمام

3) ایک تصویری گراف میں، اگر |||||||||| علامت 50 طلباء کو ظاہر کرتی ہے، تو |||||||||| |||||||||| ||||| یہ تصویر ذیل کے برابر ہے۔ [اوسط]

(A) 100 طلباء (B) 110 طلباء (C) 120 طلباء (D) 150 طلباء

4) علامتوں کا استعمال کرتے ہوئے اعداد و شمار کا تصویری اظہار کہلاتا ہے۔ [آسان]

(A) بار گراف (B) تصویری گراف (C) دائرہ گراف (D) دوہرا بار گراف

5) یکساں چوڑائی کے بار کا استعمال کرتے ہوئے معلومات کو ظاہر کرنا، جس میں بار کی لمبائیاں متناسب ہوتی ہیں کہلاتا ہے۔ [آسان]

(A) بار گراف (B) تصویری گراف (C) دائرہ گراف (D) دوہرا بار گراف

6) اعداد و شمار کے دو گروپوں کو ایک ساتھ ظاہر کرنے والا بار گراف کہلاتا ہے۔ [آسان]

(A) بار گراف (B) تصویری گراف (C) دائرہ گراف (D) دوہرا بار گراف

7) ایک ایسا گراف جو اعداد و شمار کا موازنہ کرنے کے لیے مفید ہے۔ [آسان]

(A) بار گراف (B) تصویری گراف (C) دائرہ گراف (D) دوہرا بار گراف

8) ایک ایسا گراف جو کسی مکمل اور اس کے حصّوں میں تعلق کو دکھاتا ہے کہلاتا ہے۔ [آسان]

(A) بار گراف (B) تصویری گراف (C) دائرہ گراف (D) دوہرا بار گراف






9) ایک دائرہ کے مرکز پر مکمل زاویہ ہوتا ہے۔ [آسان]

(A) 90^0 (B) 180^0 (C) 270^0 (D) 360^0

10) سیکٹروں کا مرکزی زاویہ ذیل کا ایک حصّہ (یا کوئی کسر) ہوگا۔ [آسان]

(A) 90^0 (B) 180^0 (C) 270^0 (D) 360^0



11) دیے گئے تصویری گراف میں، اِسمائیلی  کی علامت اُن طلباء کو ظاہر کرتی ہے جو مذکورہ مقامات جانے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

مقام	طلباء کی تعداد
کشمیر	
منالی	
شملہ	
آگرہ	
کورگ	

آگرہ جانے میں دلچسپی رکھنے والے طلباء کی تعداد ہے۔ [آسان]

(A) 2 (B) 3 (C) 7 (D) 4

12) مندرجہ ذیل تصویری گراف ایک کلاس میں طلباء کے ذریعے استعمال کردہ آمدورفت کے ذرائع کو ظاہر کرتا ہے۔

آمدورفت کے ذرائع	طلباء کی تعداد:  = 2 لڑکیاں  = 2 لڑکے
	
	
	
	

لڑکیوں کی تعداد جو لڑکوں کے مقابلے سائیکل پر اسکول جانے کو زیادہ ترجیح دیتی ہیں۔ [آسان]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

13) دیا گیا پائی چارٹ ایک سروے کے نتائج کو ظاہر کرتا ہے کہ طلباء اسکول جانے کے لیے کس آمدورفت کے ذرائع کا استعمال کرتے ہیں۔

طلباء کے ذریعے سب سے زیادہ استعمال کیا جانے والا آمدورفت کا ذریعہ یہ ہے۔ [آسان]



(A) ٹیکسی (B) میٹرو (C) بس (D) پیدل چلنا

14) اگر ایک سکہ کو ایک بار اُچھالا جائے، تو تمام ممکنہ نتائج کی تعداد ہوگی۔ [آسان]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 0

15) اگر ایک پانسہ کو ایک بار پھینکا جائے، تو تمام ممکنہ نتائج کی تعداد ہوگی۔ [آسان]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 6

16) اگر ایک پانسہ کو ایک بار پھینکا جائے، تو جفت عدد آنے کا احتمال ہوگا۔ [آسان]

(A) $\frac{1}{2}$ (B) $\frac{1}{6}$ (C) $\frac{1}{3}$ (D) $\frac{2}{3}$

17) ذیل میں سے وہ احتمال جو ممکن نہیں ہو سکتا۔ [آسان]

(A) 3 (B) $\frac{2}{3}$ (C) 15% (D) 0.7

18) ایک گھومنے والے پہیے (Spinner) کے کسی طاق عدد پر آکر رکنے کا احتمال ہے۔ [اوسط]



(A) $\frac{4}{8}$ (B) $\frac{4}{4}$ (C) $\frac{1}{4}$ (D) $\frac{1}{3}$

II.مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (1نمبر کے سوالات)

19) تصویری گراف کیا ہے؟ [آسان]

20) بار گراف کیا ہے؟ [آسان]

21) دہرا بار گراف کیا ہے؟ [آسان]

22) دائرہ گراف کیا ہے؟ [آسان]

23) بار گراف میں بار کی اونچائی کیا ظاہر کرتی ہے؟ [اوسط]

24) کونسا گراف اعداد و شمار کا موازنہ کرنے میں مفید ہوتا ہے؟ [آسان]

25) دائرہ گراف میں ہر سیکٹر کا سائز کیا ظاہر کرتا ہے؟ [آسان]

26) بلا منصوبہ تجربہ کیا ہوتا ہے؟ [اوسط]

27) جب ایک سکہ ایک بار اُچھالا جائے تو ممکنہ نتائج لکھیے؟ [آسان]


28) جب ایک پانسہ ایک بار پھینکا جائے تو ممکنہ نتائج لکھیے؟ [آسان]

29) کسی وقوعہ کے احتمال کی تعریف لکھیۓ؟ [آسان]


30) وقوعہ کیا ہے؟ [آسان]

31) جب آپ اسکوٹر اِسٹارٹ کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو ممکنہ نتائج کیا ہو سکتے ہیں؟ [آسان]

32) تصویر میں دیے گئے پہیے کو گھمانے پر حاصل ہونے والے ممکنہ نتائج کی فہرست بنایئے؟ [آسان]





33) آپ کے پاس ایک تھیلا ہے جس میں مختلف رنگوں کی پانچ ایک جیسی گیندیں ہیں اور آپ کو بنا دیکھے اس میں سے ایک گیند باہر نکالنی ہے۔ آپ کو حاصل ہونے والے ممکنہ نتائج کی فہرست بنایئے؟ [آسان]



III. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (2 نمبرات کے سوالات)

34) بار گراف کے دو خصوصیات لکھئے؟ [آسان]

35) ہفتے کے پہلے چھ دنوں کے دوران پنکھوں کی فروخت کو ذیل میں ظاہر کیا گیا ہے؟ ( = 2 پنکھے)




ہفتے کے کس دن فروخت سب سے زیادہ ہوئی اور کتنی ہوئی؟ [اوسط]

36) مندرجہ ذیل تصویری گراف کا مشاہدہ کیجئے اور سوالات کے جواب دیجئے؟

(i) جولائی کے مہینے میں کتنی کاریں بنائی گئیں؟

(ii) کس مہینے میں سب سے زیادہ کاریں بنائی گئیں؟ [مشکل]



37) دیئے گئے اعداد و شمار کو مناسب پیمانہ کا استعمال کرتے ہوئے بار گراف میں ظاہر کیجئے؟ [اوسط]

پسندیدہ کھانا	لوگوں کی تعداد
شمالی ہندوستان	30
دکنی ہندوستان	40
چینی	25
دیگر	25

38) ایک ہاسٹل میں مختلف زبانیں بولنے والے طلباء کی تعداد ذیل میں ہے۔ اس اعداد و شمار کو پائی چارٹ میں ظاہر کیجئے؟ [مشکل]

زبان	ہندی	انگلش	مراٹھی	ٹمل	بنگالی	جملہ
طلبہ کی تعداد	40	12	9	7	4	72

39) اگر ایک پانسہ کو ایک بار پھینکا جائے تو ایک مفرد عدد حاصل ہونے کا احتمال معلوم کیجئے؟ [آسان]


40) ایک تھیلی میں 4 سرخ گیندیں اور 2 پیلی گیندیں ہیں (تمام گیندیں ان کے رنگ کو چھوڑ کر ہر لحاظ سے ایک جیسی ہیں)۔ بغیر دیکھے ایک گیند تھیلی سے نکالی جائے تو سرخ گیند نکلنے کا احتمال کیا ہے؟ کیا یہ احتمال پیلی گیند کے مقابلے میں زیادہ ہے یا کم؟ [اوسط]

41) کل بارش ہونے کا احتمال 0.85 ہے تو کل بارش نہ ہونے کا احتمال کیا ہوگا؟ [اوسط]

42) اگر آپ کے پاس ایک گھومنے والا پہیہ ہے جس پر 3 ہرے سیکٹر، 1 نیلا سیکٹر اور 1 سرخ سیکٹر ہیں تو ہرا سیکٹر حاصل کرنے کا احتمال کیا ہے؟ ایسا سیکٹر حاصل کرنے کا احتمال کیا ہے جو نیلا نہ ہو؟ [مشکل]

IV. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (3 نمبرات کے سوالات)

43) فرض کیجئے کہ آپ ایک پہیہ گھماتے ہیں:




(i) ہرا سیکٹر اور ایسا سیکٹر جو ہرا نہ ہو حاصل کرنے کے تمام ممکنہ نتائج کی فہرست بنایئے؟

(ii) ہرا سیکٹر حاصل کرنے کا احتمال معلوم کیجئے؟

(iii) غیر ہرا سیکٹر حاصل کرنے کا احتمال معلوم کیجئے؟ [مشکل]

44) متصل پائی چارٹ ایک مہینے میں ایک خاندان کا مختلف چیزوں پر خرچ (فیصد میں) اور اس کی بچت کو ظاہر کرتا ہے۔



(i) کس چیز پر سب سے زیادہ خرچ کیا گیا؟

(ii) کس چیز کا خرچ، خاندان کی کل بچت کے برابر ہے؟

(iii) اگر خاندان کی ماہانہ بچت ₹3000 ہے تو کپڑوں پر ہونے والا ماہانہ خرچ کتنا ہے؟ [مشکل]

45) دی ہوئی معلومات کو ظاہر کرنے کے لیے ایک مناسب گراف بنایئے؟ [اوسط]

طلباء کی تعداد جو پسند کرتے ہے	اسکول A	اسکول B	اسکول C
پیدل چلنا	40	55	15
سائیکل چلانا	45	25	35

V. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (4 نمبرات کے سوالات)

46) دی ہوئی معلومات کو ظاہر کرنے کے لیے ایک مناسب دوہرا بار گراف بنایئے، جو کرکٹ کی 8 بڑی ٹیموں کے ایک روزہ میچوں میں جیتنے کے فیصد کو ظاہر کرتی ہے؟ [مشکل]

ٹیم	چیمپین ٹرافی سے عالمی کپ 2006 تک	2007 میں پچھلے 10 ایک روزہ میچ
جنوبی آفریقہ	75%	78%
آسٹریلیا	61%	40%
سری لنکا	54%	38%
نیوزی لینڈ	47%	50%
انگلینڈ	46%	50%
پاکستان	45%	44%
ویسٹ انڈیز	44%	30%
ہندوستان	43%	36%

47) جب ایک پانسہ پھینکا جاتا ہے تو مندرجہ ذیل ہر وقوعہ سے حاصل ہونے والے نتائج کی فہرست بنایئے؟

(i) ایک مفرد عدد (ii) ایک غیر مفرد عدد

(iii) 5 سے بڑا عدد (iv) ایسا عدد جو 5 سے بڑا نہیں ہے



[آسان]

48) 10 مختلف پرچیوں پر 1 سے 10 تک کے اعداد لکھے ہیں (ایک پرچی پر ایک عدد)۔ انہیں ایک ڈبّے میں رکھ کر اچھی طرح ملا دیا گیا ہے۔ ڈبّے کے اندر سے بنا دیکھے ایک پرچی نکالی گئی۔ مندرجہ ذیل کا احتمال معلوم کیجئے؟

(i) عدد 6 حاصل ہونا؟ (ii) 6 سے چھوٹا عدد حاصل ہونا؟

(iii) 6 سے بڑا ایک عدد حاصل ہونا؟ (iv) 1 ہندسے والا ایک عدد حاصل ہونا؟ [اوسط]

49) مندرجہ ذیل تصویری گراف 5 گاؤں میں بیل گاڑیوں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے؟ [مشکل]

گاؤں	بیل گاڑیوں کی تعداد
A	
B	
C	
D	
E	

تصویری گراف کا مشاہدہ کیجئے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے؟

(i) کونسے گاؤں میں سب سے زیادہ بیل گاڑیاں ہیں؟

(ii) کونسے گاؤں میں سب سے کم بیل گاڑیاں ہیں؟

(iii) گاؤں B کے پاس گاؤں C کے مقابلے میں کتنے زیادہ بیل گاڑیاں ہیں؟

(iv) پانچوں گاؤں میں کل کتنی بیل گاڑیاں ہیں؟

باب-5: مربع اور جذرالمربع

آموزشی محاصل:

مختلف طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے اعداد کے مربع اور جذرالمربع معلوم کرنا۔

اکتسابی نکات:

* مربع اعداد کی خصوصیات۔
* کچھ دلچسپ نمونے۔
* کسی عدد کا مربع معلوم کرنا۔
* فیثاغورثی ثلاثہ۔
* کامل مربع اعداد کے جذرالمربع معلوم کرنا۔
* مسلسل تفریق کے طریقے سے جذرالمربع معلوم کرنا۔
* مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے جذرالمربع معلوم کرنا۔
* تقسیم کے طریقے سے جذرالمربع معلوم کرنا۔
* اعشاریوں کا جذرالمربع معلوم کرنا۔

سوالات کی اقسام:

آسان: 17	اوسط: 43	مشکل: 11	جملہ: 71

I. مندرجہ ذیل سوالات / نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادلات دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے اور مکمل جواب اس کے حروف تہجی کے ساتھ لکھئے۔

1) ابتدائی $'n'$ طاق طبعی اعداد کا مجموعہ ہمیشہ ذیل کے برابر ہوتا ہے۔ [آسان]

(A) n (B) $n+1$ (C) n^2 (D) $2n$

2) 13 کا مربع ہے۔ [آسان]

(A) 26 (B) 169 (C) 196 (D) 1313

3) ان میں کامل مربع ہے۔ [آسان]

(A) 10 (B) 15 (C) 25 (D) 30

4) (-7) کا مربع ہے۔ [آسان]

(A) 14 (B) -14 (C) 49 (D) -49

5) اگر $\sqrt{x} = 8$ ہو تو $'x'$ کی قدر ہے۔ [اوسط]

(A) 2 (B) 4 (C) 8 (D) 64

6) 30 اور 40 کے درمیان آنے والا کامل مربع عدد ہے۔ [اوسط]

(A) 32 (B) 35 (C) 36 (D) 39

7) ابتدائی آٹھ طاق طبعی اعداد کا مجموعہ ہے۔ [اوسط]

(A) 16 (B) 64 (C) 36 (D) 8

8) 0.09 کا جذرالمربع ہے۔ [اوسط]

(A) 0.3 (B) 0.03 (C) 0.81 (D) 0.0081

9) اگر صفر تک پہنچنے کے لیے مسلسل تفریق کے 11 مرحلے درکار ہوں، تو اصل عدد یہ ہے۔ [اوسط]

(A) 100 (B) 121 (C) 144 (D) 169

10) اگر کوئی کامل مربع عدد 9 پر ختم ہو تو اس کے جذرالمربع کے اکائی کے مقام پر آنے والا ہندسہ ہوتا ہے۔ [اوسط]

(A) 3 یا 9 (B) صرف 3 (C) صرف 9 (D) 3 یا 7

11) 400 کے مربع میں صفروں کی تعداد ہوتی ہے۔ [اوسط]

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 6

12) اگر کسی عدد کے اکائی کے مقام پر 1 یا 9 ہوں، تو اس کے مربع کے اکائی کے مقام پر آنے والا ہندسہ ہوتا ہے۔ [اوسط]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 6

13) ذیل میں سے کونسا عدد دو مسلسل کامل مربع اعداد کے مجموعے کے طور پر ظاہر کیا جا سکتا ہے۔ [مشکل]

(A) 20 (B) 25 (C) 50 (D) 100

14) ذیل میں سے فیثاغورثی ثلاثہ (Pythagorean triplet) ہے۔ [آسان]

(A) (3،2،1) (B) (4،3،2) (C) (5،4،3) (D) (6،5،4)

15) اگر (x،15،8) ایک فیثاغورثی ثلاثہ ہو تو x کی قدر ہوگی۔ [اوسط]

(A) 16 (B) 17 (C) 18 (D) 23

16) کسی عدد کے مثبت جذرالمربع کی علامت کو اس طرح ظاہر کیا جاتا ہے۔ [آسان]

(A) $\sqrt[3]{\ }$ (B) $\sqrt{\ }$ (C) $\in$ (D) $\neq$

17) کامل مربع عدد کا جذرالمربع مسلسل تفریق کے طریقے سے معلوم کرنے کے لیے، ہم ان کی مسلسل تفریق کرتے ہیں۔ [آسان]

(A) جفت اعداد (B) طاق اعداد (C) مفرد اعداد (D) طبعی اعداد

18) 25 کا جذر المربع مسلسل تفریق کے طریقے سے معلوم کرنے کے لیے درکار مراحل کی تعداد ہے۔ [اوسط]

(A) 3 (B) 4 (C) 5 (D) 6

19) 31 کا مربع ہے۔ [اوسط]

(A) 62 (B) 961 (C) 691 (D) 91

20) $\sqrt{144} + \sqrt{25}$ کی قدر ہے۔ [اوسط]

(A) 17 (B) 19 (C) 169 (D) 12

21) اگر کسی مربع نما میدان کا رقبہ $625m^2$ ہو تو اس کے ایک ضلع کی لمبائی ہے۔ [اوسط]

(A) 5m (B) 15m (C) 25m (D) 35m

22) ایک سیڑھی 13m میٹر لمبی ہے۔ اگر وہ ایک عمودی دیوار کے ساتھ اس طرح ٹیک لگا کر کھڑی ہو کہ اس کا نچلہ سرا دیوار سے 5m کے فاصلے پر ہو تو دیوار کی وہ اونچائی جس پر سیڑھی کا اوپری سرا لگتا ہے۔ [مشکل]

(A) 8m (B) 12m (C) 135m (D) 18m

23) ایک مربع نما پارک کا رقبہ $900m^2$ ہے۔ اگر کوئی شخص پارک کے احاطہ کے گرد دو مرتبہ چکر لگاتا ہو تو طے کیا گیا کل فاصلہ ہے۔ [مشکل]

(A) 120m (B) 240m (C) 900m (D) 1800m

II. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (1 نمبر کے سوالات)

24) سب سے چھوٹا کامل مربع عدد کونسا ہے؟ [آسان]

25) کامل مربع عدد کی تعریف بیان کیجئے؟ [آسان]

26) 60 اور 70 کے درمیان آنے والا کامل مربع عدد لکھئے؟ [آسان]

27) کسی بھی کامل مربع عدد کے اکائی کے مقام پر آنے والے ہندسے لکھئے؟ [اوسط]

28) جانچ کیجئے کہ 2061 ایک کامل مربع عدد ہے یا نہیں۔ وجہ بیان کیجئے؟ [اوسط]

29) 100 کے بعد آنے والا اگلا کامل مربع عدد کونسا ہے؟ [آسان]

30) 6 اور 7 کے مربعوں کے درمیان کتنے طبعی اعداد آتے ہیں؟ [اوسط]

31) ابتدائی 4 طاق طبعی اعداد کا مجموعہ معلوم کیجئے؟ [اوسط]

32) 49 کو 7 مسلسل طاق اعداد کے مجموعے کے طور پر ظاہر کیجئے؟ [اوسط]

33) 7^2 کو دو مسلسل صحیح اعداد کے مجموعے کے طور پر ظاہر کیجیے؟ [اوسط]

34) اگر فیثا غورثی ثلاثہ کا ایک عدد 2m ہو تو بقیہ دو اعداد لکھئے؟ [آسان]

35) اگر $3^2 - 2^2 = 5$، $4^2 - 3^2 = 7$ ہو تو $5^2 - 4^2$ کی قدر لکھئے؟ [اوسط]

36) $(1+2)^2 = 9, (2+3)^2 = 25$ پیٹرن کا مشاہدہ کیجیے۔ $(3+4)^2$ کی قدر لکھئے؟ [اوسط]

37) اگر کسی مربع کا رقبہ $144\ cm^2$ ہو تو اس کے ضلع کی لمبائی معلوم کیجیے؟ [اوسط]

38) $(\sqrt{9})^2$ کی قدر معلوم کیجیے؟ [آسان]

39) اگر $11^2 = 121$ ہو تو 121 کا جذر المربع کیا ہو گا؟ [آسان]

40) اگر $x^2 = 36$ ہو تو x کی قدر معلوم کیجیے؟ [آسان]


41) ایسا عدد جس کو خود سے ضرب دینے پر 144 حاصل ہوتا ہو تو وہ عدد معلوم کیجیے؟ [آسان]

42) 0.6 کا مربع معلوم کیجیے؟ [آسان]

43) سب سے چھوٹا 4 ہندسی مربع عدد لکھئے؟ [اوسط]

III. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجیے: (2 نمبرات کے سوالات)

44) ایک فیثا غورثی ثلاثہ لکھئے جس کا سب سے چھوٹا عدد 8 ہو؟ [اوسط]



45) دی گئی شکل میں x کی قدر معلوم کیجیے؟ [اوسط]

46) 12^2 کے مفرد اجزائے ضربی معلوم کیجیے؟ [اوسط]

47) 196 کا جذر المربع مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے معلوم کیجیے؟ [اوسط]

48) وہ سب سے چھوٹا عدد معلوم کیجیے جس سے 9408 کو تقسیم کرنے پر خارجِ قسمت کامل مربع عدد بن جائے۔ خارجِ قسمت کا جذرالمربع بھی معلوم کیجیے؟ [اوسط]

49) وہ سب سے چھوٹا مربع عدد معلوم کیجیے جو 4، 9 اور 10 میں سے ہر ایک عدد سے تقسیم ہوتا ہو؟ [مشکل]


50) تقسیم کے طریقے سے 2304 کا جذر المربع معلوم کیجیے؟ [اوسط]

51) وہ سب سے چھوٹا مکمل عدد معلوم کیجیے جس سے 180 کو ضرب کرنے پر وہ ایک کامل مربع عدد بن جائے؟ [اوسط]

52) وہ سب سے چھوٹا مکمل عدد معلوم کیجیے جس سے 396 کو تقسیم کرنے پر وہ ایک کامل مربع عدد بن جائے؟ [اوسط]

53) فیثا غورثی ثلاثہ لکھئے جس کا سب سے چھوٹا عدد 12 ہو؟ [اوسط]

54) دی گئی شکل میں، اگر ایک مربع نما کھیل کے میدان کا ہر ایک ضلع 25m لمبا ہو تو کھیل کے میدان کا وتر معلوم کیجئے؟ [اوسط]



55) ایک قائمۃ الزاویہ مثلث میں اگر وتر کی لمبائی 5cm ہو اور اس کے ایک ضلع کی لمبائی 3cm ہو تو دوسرے ضلع کی لمبائی معلوم کیجئے؟ [مشکل]

56) تقسیم کے طریقے سے 729 کا جذر المربع معلوم کیجئے؟ [اوسط]

57) تقسیم کے طریقے سے 2.56 کا جذر المربع معلوم کیجئے؟ [اوسط]

58) ایک اسکول میں آٹھویں جماعت کے طلباء نے وزیر اعظم کے قومی ریلیف فنڈ کے لیے کل ₹2401 عطیہ دیا۔ ہر طالب علم نے اتنے ہی رقم دی جتنی اس جماعت میں طلباء کی تعداد تھی۔ جماعت میں طلباء کی تعداد معلوم کیجئے؟ [مشکل]

59) ایک باغ میں 2025 پودے اس طرح لگائے جائیں کہ ہر صف میں اُتنے ہی پودے ہوں جتنی صفوں کی تعداد ہے۔ صفوں کی تعداد اور ہر صف میں پودوں کی تعداد معلوم کیجئے؟ [اوسط]

IV. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (3 نمبرات کے سوالات)

60) مسلسل تفریق کے طریقے سے 121 کا جذر المربع معلوم کیجئے؟ [اوسط]

61) کیا 2352 ایک کامل مربع ہے؟ اگر نہیں تو 2352 کا سب سے چھوٹا ضعف معلوم کیجئے جو ایک کامل مربع عدد ہے۔ نئے عدد کا جذر المربع بھی معلوم کیجئے؟ [اوسط]

62) وہ سب سے چھوٹا مکمل عدد معلوم کیجئے جس سے 2028 کو ضرب کرنے پر وہ ایک کامل مربع عدد بن جائے۔ اس کامل مربع عدد کا جذر المربع بھی معلوم کیجئے؟ [اوسط]

63) وہ سب سے چھوٹا مکمل عدد معلوم کیجئے جس سے 2645 کو تقسیم کرنے پر وہ ایک کامل مربع عدد بن جائے۔ حاصل شدہ کامل مربع عدد کا جذر المربع بھی معلوم کیجئے؟ [اوسط]

64) تقسیم کے طریقے سے 3136 کا جذر المربع معلوم کیجئے؟ [اوسط]

65) وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد معلوم کیجئے جسے 1989 میں سے تفریق کرنے پر ایک کامل مربع عدد بن جائے۔ حاصل شدہ کامل مربع عدد کا جذر المربع بھی معلوم کیجئے؟ [اوسط]

66) وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد معلوم کیجئے جسے 1825 میں جمع کرنے پر ایک کامل مربع عدد بن جائے۔ حاصل شدہ کامل مربع عدد کا جذرالمربع بھی معلوم کیجئے؟ [اوسط]

67) ایک مربع نما کمرے کے فرش کا رقبہ $144m^2$ ہے۔ فرش کو ڈھانپنے کے لیے 0.5m لمبے ضلع والی مربع نما ٹائلیں استعمال کی جاتی ہیں۔ تو پورے فرش کو ڈھانپنے کے لیے کتنی ٹائلیں درکار ہوں گی؟ [مشکل]

68) ایک مستطیل نما باغ کی لمبائی 18m اور چوڑائی 72m ہے۔ اگر اسے اتنے ہی رقبے کے ساتھ ایک مربع نما باغ میں تبدیل کرنا ہو تو نئے مربع نما باغ کے ہر ضلع کی لمبائی کیا ہوگی؟ [مشکل]

69) ایک مالی کے پاس 1000 پودے ہیں۔ وہ ان کو اس طرح لگانا چاہتا ہے کہ صفوں کی تعداد اور ستونوں کی تعداد برابر ہو۔ اُسے کم از کم کتنے پودے مزید درکار ہوں گے؟ [مشکل]

V. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (4 نمبرات کے سوالات)

70) ایک باغ میں 2025 پودے اس طرح لگائے جائیں کہ ہر صف میں اُتنے ہی پودے ہوں جتنی صفوں کی تعداد ہے۔ صفوں کی تعداد اور ہر صف میں پودوں کی تعداد معلوم کیجئے۔ اگر مزید 5 صفوں کو شامل کرنا ہو تو اور کتنے پودے درکار ہوں گے؟ [مشکل]

71) ایک اسکول میں 1464 طلباء ہیں۔ پی ٹی ڈرِل کے لیے تمام طلباء کو اس طرح کھڑا ہونا ہے کہ صفوں کی تعداد اور ستونوں کی تعداد برابر ہو۔ اسی دوران پی ٹی کے استاد کو معلوم ہوتا ہے کہ کچھ طلباء بچ گئے ہیں؟

i. ہر صف میں کتنے طلباء کھڑے ہوں گے؟

ii. کتنے طلباء ترتیب میں شامل نہ ہو سکیں گے؟

iii. مربع نما ترتیب بنانے کے لیے کتنے طلباء درکار ہوں گے؟ [مشکل]

باب-6: مکعب اور جذر المکعب

آموزشی محاصل:

مختلف طریقوں سے اعداد کے مکعب اور جذر المکعب معلوم کرنا۔

اکتسابی نکات:

* کسی عدد کا مکعب
* کچھ دلچسپ نمونے
* مسلسل طاق اعداد کو جمع کرنا
* مکعب اور ان کے مفرد اجزائے ضربی
* سب سے چھوٹا ضعف جو ایک کامل مکعب ہے
* مکعب عدد کا جذر المکعب
* مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے جذر المکعب معلوم کرنا

سوالات کی اقسام:

آسان: 10	اوسط: 29	مشکل: 07	جملہ: 46

I. مندرجہ ذیل سوالات / نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادلات دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے اور مکمل جواب اس کے حروف تہجی کے ساتھ لکھئے۔

1) 7 کا مکعب ہے۔ [آسان]

(A) 14 (B) 21 (C) 49 (D) 343

2) 7 کے مکعب میں اکائی کا ہندسہ ہے۔ [آسان]

(A) 3 (B) 7 (C) 1 (D) 4

3) 1000 کا جذر المکعب ہے۔ [آسان]

(A) 10 (B) 20 (C) 100 (D) 1000

4) 0.3 کا مکعب ہے۔ [اوسط]

(A) 0.27 (B) 27 (C) 0.027 (D) 0.0027

5) ذیل میں سے کونسا عدد کامل مکعب ہے۔ [آسان]

128 (A) | 100 (B) | 1000 (C) | 225 (D)

6) ذیل میں سے کونسا عدد کامل مکعب نہیں ہے۔ [آسان]

216 (A) | 1000 (B) | 100 (C) | 343 (D)

7) جذر المکعب کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہونے والی علامت ہے۔ [آسان]

$\sqrt[3]{\ }$ (A) | $\sqrt{\ }$ (B) | $\in$ (C) | $\neq$ (D)

8) $(-3)^3$ کی قدر ہے۔ [آسان]

-9 (A) | 9 (B) | -27 (C) | 27 (D)

9) اگر کسی کامل مکعب عدد کا اکائی ہندسہ 8 ہو تو اس کے جذر المکعب کا اکائی کا ہندسہ ہوگا۔ [اوسط]

2 (A) | 4 (B) | 6 (C) | 8 (D)

10) کسی طاق عدد کا مکعب ہمیشہ ہوتا ہے۔ [آسان]

طاق عدد (A) | جفت عدد (B) | مفرد عدد (C) | منفی عدد (D)

11) اگر ایک مثبت صحیح عدد x کے لیے $x^3 = x^2$ ہو تو x کی قیمت ہوگی۔ [اوسط]

1 (A) | 2 (B) | 3 (C) | 9 (D)

12) اگر کسی عدد کے آخر میں دو صفر ہوں تو اس کے مکعب میں صفروں کی تعداد ہوگی۔ [آسان]

2 (A) | 4 (B) | 6 (C) | 9 (D)

13) وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد جس سے 24 کو ضرب دینے پر ایک کامل مکعب حاصل ہوتا ہے۔ [اوسط]

2 (A) | 3 (B) | 9 (C) | 18 (D)

14) اگر کسی عدد کے مکعب اور اس کے مربع کے درمیان کا فرق 100 ہو تو وہ عدد ہے۔ [مشکل]

5 (A) | 10 (B) | 15 (C) | 20 (D)

15) پہلے دو طبعی اعداد کے مجموعے کا مکعب ہے۔ [اوسط]

2 (A) | 9 (B) | 17 (C) | 36 (D)

16) $\sqrt[3]{27} \times \sqrt[3]{8}$ کی قدر ہے۔ [اوسط]

6 (A) | 12 (B) | 35 (C) | 216 (D)

17) اگر $x^3 = 512$ ہو تو x کی قدر ہو گی۔ [اوسط]

(A) 4	(B) 6	(C) 8	(D) 12

18) سب سے چھوٹے مفرد عدد کے مربع اور مکعب کا حاصل ضرب ہے۔ [اوسط]

(A) 1	(B) 4	(C) 8	(D) 32

19) اگر کسی عدد کے مفرد اجزائے ضربی $5^3 \times 3^3 \times 2^3$ ہے تو اس کا جذر المکعب ہے۔ [اوسط]

(A) 6	(B) 11	(C) 30	(D) 9000

20) اگر ایک سنگ تراش ایک کامل مکعب نما بلاک بنا رہا ہے جس کی لمبائی 7cm ہے تو اس سنگِ مرمر کے بلاک کا حجم ہو گا۔ [مشکل]

(A) $21cm^3$	(B) $49cm^3$	(C) $343cm^3$	(D) $2401cm^3$

21) 0.000512 کا جذر المکعب ہے۔ [اوسط]

(A) 8	(B) 0.08	(C) 0.008	(D) 0.8

22) اگر کسی مکعب کا حجم $125cm^3$ ہے تو اس کے ایک ضلع کی لمبائی کتنی ہو گی؟ [اوسط]

(A) 5cm	(B) 10cm	(C) 15cm	(D) 25cm

II. مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (1 نمبر کے سوالات)

23) سب سے چھوٹا کامل مکعب کونسا ہے جو 1 سے بڑا ہو؟ [آسان]

24) 1 سے 5 تک کے اعداد کے مکعب لکھئے؟ [اوسط]

25) اگر $a \times a \times a = 64$ ہو تو a کی قدر معلوم کیجئے؟ [اوسط]

26) 2^3 کو طاق اعداد کے مجموعے کے طور پر ظاہر کیجئے؟ [اوسط]

27) 15 کے مفرد اجزائے ضربی معلوم کیجئے؟ [اوسط]

28) 1, 8, 27, 64, __ اس سلسلہ میں اگلا عدد کیا ہو گا؟ [اوسط]

29) $\sqrt[3]{64 \times 27}$ کی قدر معلوم کیجئے؟ [اوسط]

30) 24 کے مکعب کا اکائی کا ہندسہ لکھئے؟ [اوسط]

31) کسی عدد کو اس کے مفرد اجزائے ضربی کے طور پر اس طرح $5^1 \times 3^3 \times 2^2$ لکھا جاتا ہے، تو وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد معلوم کیجئے جس سے اس کو ضرب دینے پر ایک کامل مکعب حاصل ہوتا ہے؟ [اوسط]

32) $8^3 - 7^3$ کی قدر معلوم کیجئے؟ [اوسط]

III.مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (2 نمبرات کے سوالات)

33) مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے 512 کا جذرالمکعب کا معلوم کیجئے؟ [اوسط]

34) 4^3 کو طاق اعداد کے مجموعے کے طور پر ظاہر کیجئے؟ [اوسط]

35) 216 کے مفرد اجزائے ضربی لکھئے؟ [اوسط]

36) کیا243 ایک کامل مکعب ہے؟ وجہ بیان کیجئے؟ [اوسط]

37) وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد معلوم کیجئے جس سے 81 کو ضرب دینے پر ایک کامل مکعب حاصل ہوتا ہے؟ [اوسط]

38) مکعب کا حجم معلوم کیجئے جس کے ایک ضلع کی لمبائی 6cm ہے؟ [اوسط]

39) کیا392 ایک کامل مکعب ہے اگر نہیں تو وہ چھوٹے سے چھوٹا طبعی عدد معلوم کیجئے جس سے اسے ضرب دینے پر ایک کامل مکعب حاصل ہوتا ہے؟ [اوسط]

40) ایک مکعب نما جسم کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی بالترتیب 5cm، 2cm اور 5cm ہیں۔ ایسے کتنے مکعب نما اجسام کو ملا کر ایک کامل مکعب بنایا جاسکتا ہے؟ [مشکل]

41) مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے 13824 کا جذرالمکعب معلوم کیجئے؟ [اوسط]

IV.مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے: (3 نمبرات کے سوالات)

42) 1 سے 10 تک کے اعداد کے مکعب لکھئے؟ [اوسط]

43) کیا53240 ایک کامل مکعب ہے؟ اگر نہیں تو وہ چھوٹے سے چھوٹا طبعی عدد معلوم کیجئے جس سے 53240 کو تقسیم کیا جائے تو ایک کامل مکعب حاصل ہوتا ہے؟ [مشکل]

44) کیا 68600 ایک کامل مکعب ہے؟ اگر نہیں تو وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد معلوم کیجئے جس سے 68600 کو ضرب دینے پر ایک کامل مکعب حاصل ہوتا ہے؟ [مشکل]

